لاہور، اسلام آباد، ملتان، بہاولپور، سکھر، حیدرآباد، کراچی اور دنیا بھر کی خبریں

ABC

اور ہمارے ذمے تو صرف صاف صاف پیغام پہنچانا ہے (القرآن)

چیف ایڈیٹر
نعیم عباسی

روزنامہ
بی بی سی

ہر دن نئی خبر

E-PAPER
Bbcbwp@gmail.com

ڈپٹی ایڈیٹر
شہزاد احمد خان

NEW WORLD NEWS

جلد: 1 | جمعرات 10 اپریل 2025ء 11 شوال 1446ھ 28 چیت (صفحات 8) قیمت 30 روپے | شمارہ: 227

خان پور، حاصل پور، دنیا پور، ماڈل ٹاؤن، بہاولپور سٹی کے زیر التوا 50 کیسز کی سماعت، تقریبا 15 لاکھ سے زائد کا ریلیف فراہم

بہاول پور (ڈاکٹر محمد اکرم خان) میپکو خان پور حاصل پور اور دنیا پور ماڈل ٹان، میپکو بہاولپور سٹی کے عملدرآمد کے زیر التوا 50 کیسز کی سماعت کی جس میں میپکو کے افسران بمعہ رپورٹ حاضر ہوئے جس میں تقریبا 15 لاکھ سے زائد کا ریلیف دیا۔ میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں سید فضل رضا رضوی نے میپکو کے افسران کو ھدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی علاوہ ازیں زمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کر کے انکے خلاف ایکشن لیا جانے کا اختیار وفاقی محتسب کے پاس موجود ہے۔ اس ضمن میں میپکو کے افسران نے اس بات کی یقین دھانی کرائی کہ وفاقی محتسب کے جاری کردہ فیصلوں پر جلد از جلد عملدرآمد کر کے سائلین کو فوری ریلیف مہیا کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ مذید یہ کہ سید فضل رضا رضوی نے میڈیا کے نمائندگان کی موجودگی میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے نظریہ کے بارے میں گفتگو کی گئی جس میں بتایا گیا کہ وفاقی سرکاری اداروں کے ستائے ہوئے سائلین اپنی دادرسی کے لیے درخواستیں لے کر وفاقی محتسب کی عدالت میں پیش ہونے لگے ہیں۔ سائلین کی دادرسی کے لیئے وفاقی محتسب کے مزید علاقائی دفاتر کھولے جا رہے ہیں تاکہ غریب لوگوں کو بروقت اور فوری انصاف فراہم کیا

روزنامہ منشور سرگودھا

10 APR 2025

اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کا عہدہ چارج سنبھال لیا

ہمیں عوام کو وفاقی اداروں میں بدانتظامی کیخلاف ریلیف پہنچانا ہے، وفاقی محتسب

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ضلع سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور منڈی بہاؤالدین کے لیے خواجہ سیف الرحمٰن کو ریجنل ہیڈ برائے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس سرگودھا کیلئے نامزد کیا ہے۔ انہوں نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا ہے۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

بقیہ 11

افسران اور عملہ سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ہمیں عوام کو وفاقی اداروں میں بدانتظامی کے خلاف ریلیف پہنچانا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے افسران سے بالمشافہ بات کی اور کہا کہ سرگودھا ڈویژن کی عوام کو اپنے ادارے کے قواعد وضوابط کے مطابق کسی بدانتظامی کے خلاف ریلیف دلانا وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا کا اولین فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کا ادارہ اعجاز احمد قریشی کی زیرنگرانی عوام کو پورے پاکستان میں ہر قسم کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سن رہے ہیں اور عوام کو ریلیف پہنچایا جا رہا ہے۔ اس لیے اگر کسی بھی سرگودھا ڈویژن کے رہائشی کو واپڈا، پاسپورٹ آفس، نادرا، سوئی گیس، ڈاک خانہ، پاک پی ڈبلیو ڈی، نیشنل ہائی وے اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف کوئی جائز شکایت ہو تو وہ ایک سادہ کاغذ پر بیان حلفی شناختی کارڈ کی کاپی لگا کر دفتر ہذا میں درخواست دے سکتا ہے۔ اور شکایت کا ازالہ کیا جائے گا اور 60 دن کے اندر عمل درآمد بھی کروایا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے ادارہ میں شکایت کرنے کی کوئی فیس نہیں لی جاتی اور کسی نمائندہ وغیرہ کو لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایت کرنے کے لیے آپ وفاقی محتسب کی موبائل ایپ بھی استعمال کرسکتے ہیں اور اگر کوئی شکایت کنندہ دفتر حاضر ہونے سے قاصر ہو تو وہ Online اور موبائل ایپ کے ذریعے اور اس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔

روزنامہ تجارت (سرگودھا)

10 APR 2025

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا

ہمیں عوام کو وفاقی اداروں میں بدانتظامی کے خلاف ریلیف پہنچانا ہے، وفاقی محتسب

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ضلع سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور منڈی بہاؤالدین کے لیے خواجہ سیف الرحمٰن کو ریجنل ہیڈ برائے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس سرگودھا کیلئے نامزد کیا ہے۔ انہوں نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا ہے۔ اس موقع (باقی صفحہ 8 بقیہ نمبر 8)

بقیہ 8

پر افسران اور عملہ سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ہمیں عوام کو وفاقی اداروں میں بدانتظامی کے خلاف ریلیف پہنچانا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے افسران سے بالمشافہ بات کی اور کہا کہ سرگودھا ڈویژن کی عوام کو اپنے ادارے کے قواعد وضوابط کے مطابق کسی بدانتظامی کے خلاف ریلیف دلانا وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا کا اولین فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کا ادارہ اعجاز احمد قریشی کی زیرنگرانی عوام کو پورے پاکستان میں ہر قسم کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سن رہے ہیں اور عوام کو ریلیف پہنچایا جا رہا ہے۔ اس لیے اگر کسی بھی سرگودھا ڈویژن کے رہائشی کو واپڈا، پاسپورٹ آفس، نادرا، سوئی گیس، ڈاک خانہ، پاک پی ڈبلیو ڈی، نیشنل ہائی وے اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف کوئی جائز شکایت ہو تو وہ ایک سادہ کاغذ پر بیان حلفی شناختی کارڈ کی کاپی لگا کر دفتر ہذا میں درخواست دے سکتا ہے۔ اس شکایت کا ازالہ کیا جائے گا اور 60 دن کے اندر عمل درآمد بھی کروایا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے ادارہ میں شکایت کرنے کی کوئی فیس نہیں لی جاتی اور کسی نمائندہ وغیرہ کو لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایت کرنے کے لیے آپ وفاقی محتسب کی موبائل ایپ بھی استعمال کرسکتے ہیں اور اگر کوئی شکایت کنندہ دفتر حاضر ہونے سے قاصر ہو تو وہ Online اور موبائل ایپ کے ذریعے اور اس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔